PECTAA
Transformation, Innovation and Excellence

Pairing Scheme of Urdu-10

[Smart Syllabus]

امتحانی پرچہ اُردو (لازمی) برائے جماعت دہم (X) کے لیے ہدایات [سمارٹ سلیبس]

اُردو لازمی برائے جماعت دہم (X) کا پرچہ 75 نمبروں پر مشتمل ہوگا۔ معروضی طرز 15 نمبروں پر مشتمل ہوگا اور اس کا وقت 20 منٹ ہوگا۔ انشائی طرز 60 نمبروں پر مشتمل ہوگا اور اس کا وقت 2 گھنٹے 10 منٹ (2:10) ہوگا۔

نوٹ: بورڈ کے امتحان میں؛ مصنفین اور شعرا کے تعارف میں سے کسی قسم کا سوال نہیں پوچھا جائے گا۔

پرچہ مرتبین درج ذیل ہدایات کو پیش نظر رکھیں:۔

معروضی طرز

سوال	نمبر	ہدایات
سوال:1 کثیر الانتخابی سوالات (MCQs)	کل نمبر:15	**نصابی کتاب:** اس حصے میں سے دس (10) کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) بنائے جائیں۔ ☆ حصہ نثر کے مجوزہ چھے (6) اسباق میں سے کوئی سے پانچ (5) اسباق میں سے ایک ایک اور کسی ایک سبق میں سے دو (2) کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) بنائے جائیں۔ ☆ مجوزہ حصہ نظم میں سے دو (2) کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) بنائے جائیں۔ ☆ مجوزہ حصہ غزل میں سے ایک (1) کثیر الانتخابی سوال (MCQ) بنایا جائے۔ **حصہ قواعد:** اس حصے میں سے پانچ (5) کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) بنائے جائیں۔ ☆ **ذُو معنی الفاظ، مماثل و متشابہ الفاظ** (اُردو قواعد و انشا: ص 31 تا 33) میں سے ایک (1) کثیر الانتخابی سوال (MCQ) بنایا جائے۔ ☆ **تلفظ/ اِعراب** (اُردو قواعد و انشا: ص 47 تا 49) میں سے ایک (1) کثیر الانتخابی سوال (MCQ) بنایا جائے۔ ☆ **تشبیہ/ استعارہ** (اُردو قواعد و انشا: ص 62 تا 64) میں سے ایک (1) کثیر الانتخابی سوال (MCQ) بنایا جائے۔ ☆ **صرف و نحو (اسم، فعل، حرف اور ان کی اقسام)** (اُردو قواعد و انشا: ص 01 تا 11 اور ص 20 تا 28) میں سے دو (2) کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) بنائے جائیں۔

انشائی طرز

سوال	نمبر	ہدایات
سوال:2 اشعار کی تشریح (نظم وغزل)	کل نمبر:10 (5x2=10)	☆ مجوزہ پانچ (5) نظموں میں سے کوئی سی چار (4) نظموں میں سے ایک ایک شعر دیا جائے، جن میں سے طلبہ کوئی سے تین (3) اشعار کی تشریح تحریر کریں گے۔ ☆ مجوزہ تین (3) غزلوں میں سے ہر غزل کا ایک ایک شعر دیا جائے، جن میں سے کوئی سے دو (2) اشعار کی تشریح درکار ہوگی۔
سوال:3 پیراگراف کی تشریح	کل نمبر:10	مجوزہ چھے (6) نثری اسباق میں سے، پہلے تین (3) اسباق (اخلاق نبویؐ، سرسیّد کا بچپن، کفّارہ) اور آخری تین (3) اسباق (سویرے جو کل آنکھ میری کھلی، دوستی کا پھل، میرا گاؤں) میں سے ایک ایک نثر پارہ تشریح کے لیے دیا جائے۔ ہر نثر پارے کے کل تین الفاظ/تراکیب کو خط کشید کیا جائے۔ دو نثر پاروں میں سے کسی ایک کی تشریح درکار ہے۔ نمبروں کی تقسیم: [مصنف کا نام:01 نمبر، سبق کا عنوان:01 نمبر، خط کشیدہ الفاظ/تراکیب کے معانی:3 نمبر، تشریح:5 نمبر، کل نمبر 10]
سوال:4 مختصر سوالات کے جوابات	کل نمبر:10 (5x2=10)	اس حصّے میں کل آٹھ (8) مختصر سوالات بنائے جائیں جن میں سے پانچ (5) سوالات کے جوابات درکار ہیں۔ ☆ حصّہ نثر میں سے چار (4) سوالات بنائے جائیں۔ مجوزہ چھے (6) نثری اسباق میں سے، پہلے تین (3) اسباق (اخلاق نبویؐ، سرسیّد کا بچپن، کفّارہ) اور آخری تین (3) اسباق (سویرے جو کل آنکھ میری کھلی، دوستی کا پھل، میرا گاؤں) میں سے دو دو سوالات بنائے جائیں۔ ☆ حصّہ نظم میں سے دو (2) سوالات بنائے جائیں۔ مجوزہ پانچ (5) نظموں میں سے، پہلی تین نظموں (حمد، نعت، آدمی نامہ) اور آخری دو (2) نظموں (نمودِ صُبح، خطاب بہ جوانانِ اسلام) میں سے ایک ایک سوال بنایا جائے۔ ☆ حصّہ غزل میں سے دو (2) سوالات بنائے جائیں۔ مجوزہ تین (3) غزلوں میں سے کوئی سی دو (2) غزلوں میں سے ایک ایک سوال بنایا جائے۔
سوال:5 نثری سبق کا خلاصہ	کل نمبر:5	مجوزہ چھے (6) نثری اسباق میں سے، پہلے تین (3) اسباق (اخلاق نبویؐ، سرسیّد کا بچپن، کفّارہ) اور آخری تین (3) اسباق (سویرے جو کل آنکھ میری کھلی، دوستی کا پھل، میرا گاؤں) میں سے ایک ایک سبق منتخب کیا جائے۔ دیے گئے دو اسباق میں سے کسی ایک (1) سبق کا خلاصہ درکار ہے۔

سوال:6 **مضمون نویسی**	کل نمبر:15	اُردو قواعد و انشا میں شامل مضامین میں سے کوئی سے تین (3) عنوانات کا انتخاب کیا جائے اور ان میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھنے کو کہا جائے۔ (اُردو قواعد و انشا: ص105 تا145)
سوال:7 **تفہیمِ عبارت**	کل نمبر:10	اُردُو قواعد و انشا میں شامل عبارات میں سے کوئی ایک عبارت، تفہیم کے لیے منتخب کی جائے اور اس کے آخر میں دیے گئے پانچ (5) سوالات کے جوابات لکھنے کو کہا جائے۔ (اُردُو قواعد و انشا: ص147 تا156)

